© rasailojaraid.com


## مسئلہ توحید قرآن مجید اور کتب سابقہ کی روشنی میں

مولانا عبد اللطیف مسعود نے زیر نظر رسالہ میں مسئلہ توحید کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی ہے اور قرآن کریم کے ساتھ ساتھ کتب سابقہ کے حوالے اور عبارات پیش کر کے عقیدہ توحید کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے۔ صفحات ۳۶' ملنے کا پتہ: جامع مسجد خضری' ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

## اسلامی انقلاب کی جدوجہد

ملک کے معروف دانشور ڈاکٹر محمد فاروق خان نے اسلام کی دعوت و تبلیغ اور دین کے غلبہ ونفاذ کے لیے کام کرنے والی مختلف تحریکات کے افکار ونظریات اور طریق کار کا جائزہ لیا ہے اور زیر نظر کتابچہ میں ان کی کوتاہیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے "انقلاب کا صحیح لائحہ عمل" کے عنوان سے اپنا نقطہ نظر وضاحت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ صفحات ۱۴۸' قیمت ۳۰ روپے' ناشر المورد ۹۸ ای' ماڈل ٹاؤن لاہور

## جب حضور ﷺ آئے

محمد متین خالد صاحب باہمت اور خوش ذوق نوجوان ہیں جو ختم نبوت اور تحفظ ناموس رسالتؐ کے محاذ پر مسلسل سرگرم رہتے ہیں۔ زیر نظر کتاب میں انہوں نے جناب رسالت مآب ﷺ کی ولادت با سعادت کے بارے میں مختلف مکاتب فکر کے اکابر علماء کرام اور اصحاب قلم کی منتخب نگارشات کا ایک حسین گلدستہ پیش کیا ہے جو ان کی محبت رسولؐ کے عمدہ ذوق کا آئینہ دار ہے۔ صفحات ۲۲۴' خوبصورت مضبوط جلد' قیمت ایک سو پچاس روپے' ناشر مکتبہ تعمیر انسانیت اردو بازار' لاہور

© rasailojaraid.com